کتاب کو مزین کیا گیا ہے۔ ۵۔ کتاب جا بجا مستند اور معتبر کتابوں کے حوالوں کا بھی آئینہ دار ہے۔

قرآن فہمی کا ذوق رکھنے والے لوگوں کے لئے یہ کتاب ایک علمی سوغات ہے۔

بحیثیت مجموعی علماء و طلباء اور عوام سب کے لئے مفید ہے۔

کتاب: صرف پانچ منٹ کا مدرسہ (حصہ اول و دوئم) مؤلفین علماء دینیات سکول ممبئی ہند

کل صفحات: 823 قیمت: -/300 روپے ناشر: دار الھدیٰ روم نمبر ۸ شاہ زیب ٹیرس نزد مقدس مسجد اردو بازار کراچی

دنیا داری اور زر پرستی کے اس دور میں لوگ جس تیزی سے مغربی تہذیب کے چکا چوند میں ڈوب رہے ہیں اور دوسری طرف دین بیزار لوگ دین کو بدنام کرنے کا کوئی موقع ہاتھ سے ضائع جانے نہیں دے رہے ہیں ان حالات میں ہم مسلمانوں پر لازم ہے کہ ہم اپنے دین سے وابستگی اور تہذیب محمدی ﷺ سے نسبت و تعلق مضبوط سے مضبوط تر بنائے۔

دین ہی ہماری کامیابیوں کا سرچشمہ ہے۔ جب تک اس رسی کو ہم مضبوطی سے نہیں تھامے گے اس وقت تک قعر مذلت سے نکلنا ناممکن ہے، مسلمانوں کے عروج و زوال کا بنیادی عنصر دین ہے مسلمان جب تک دین پر عمل پھیرا فتح و نصرت بلندی اور عظمت انکے قدم چومتے رہیں پھر دین سے جب منہ موڑا گیا تو ناکامی پستی اور زوال ان کا مقدر بنا تھے۔ آج بھی ہماری کامیابی کے لئے یہی نسخہ کارگر ہے۔ اس کے علاوہ تمام کوششیں بے سود ہیں۔

زیر نظر کتاب ''صرف پانچ منٹ کا مدرسہ'' (قرآن ہدایت کی روشنی) مسلمانوں کا رشتہ دین اور خیر القرون سے جوڑنے کے لئے لکھی گئی ہے۔ جس میں دین کی ضروری اور بنیادی باتوں کو آسان انداز سے بیان کیا گیا ہے۔ اس کتاب میں دس عنوانات کے تحت مختصر وقت میں دس قسم کی دین کی اہم و ضروری باتیں قرآن و حدیث کی روشنی میں تحریر کی گئی ہیں۔

عنوانات میں سب سے پہلا نمبر اسلامی تاریخ کا رکھا گیا ہے تاکہ قاری کو معلوم ہو کہ انبیاء کرام علیہم السلام و صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے دین کے لئے کیسی کیسی قربانیاں دی۔ دوسرے نمبر پر اللہ تعالیٰ کی قدرت کے کرشموں اور حضور ﷺ کے معجزات کا بیان ہیں۔ تیسرے، چوتھے اور پانچویں نمبروں پر فرائض، سنت نبوی ﷺ اور اعمال کے فضائل کو واضح کیا گیا ہے۔ گناہوں کے نقصانات، رب ذوالجلال سے حضور ﷺ کی دعائیں، فناء دنیا اور آخرت کی ابدی حیات کے واقعات، بیماریوں کا قرآن کریم اور طب نبوی ﷺ کی رو سے علاج۔ یہ سب آخری پانچ عنوانات ہیں۔

یہ کتاب کیا دریا بہ کوزہ، والی بات ہے۔ حقیقتاً اسلامی معلومات، احکام و مسائل، تاریخ اور طب کا گنج گراں ہے۔ صد مبارک باد کے مستحق ہیں، وہ علماء دینیات اسکول ممبئی کے جنہوں نہایت عرق ریزی یہ کام مکمل کیا ہے۔ سکولوں، کالجوں، یونیورسٹیوں اور ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کے لئے یہ کتاب نہایت مفید ہے۔